© rasailojaraid.com

# جمہوریت اور اسلام

محمد نذیر کاکا خیل

گذشتہ صدی میں اجنبی تسلط کے بعد ، مغربی تعلیم و تربیت اور جدید تہذیب و تمدن کے زیر اثر مسلمانوں میں ایک طبقہ ایسا تیار ہوا جو ذھنی غلامی میں مبتلا ہو کر شعوری یا غیر شعوری طور پر مغربی علوم و افکار اور جدید معیارات و اقدار کو اصل اور امر مسلمہ سمجھنے لگا اور ان کی روشنی میں ہر چیز کو دیکھنے کا خوگر بنتا گیا ۔ اپنے علوم و افکار اور تہذیبی اقدار کو یا تو انہوں نے رد کر دیا یا ان کے بارے میں معذرت خواہانہ رویہ اختیار کیا ۔ چونکہ مسلم معاشرے کے ساتھ ان کا تعلق منقطع نہیں ہوا اس لئے بہت سے لوگوں نے بیچ کا راستہ اختیار کیا اور وہ یہ کہ جدید و قدیم میں مطابقت اور ہم آہنگی پیدا کی جائے ۔ اس طرز فکر و انداز نظر کا نتیجہ یہ نکلا کہ جمہوریت اور اسلام ۔ اشتراکیت اور اسلام جیسے موضوعات پر مضامین اور مقالے لکھ کر دانش وری اور اسکالر شپ کا مظاہرہ کیا جانے لگا ۔ اس کا مقصد درپردہ جمہوریت اور اشتراکیت کے علمبرداروں کی خدمت کرنا تھا ۔ تاکہ وہ مسلمان جو دین سے لگاؤ کے باعث ان نظریات یا نظاموں سے بدکتے یا بھٹکتے ہیں آہستہ آہستہ ان کی وحشت دور ہو اور وہ ان سے قریب ہوں ۔ کافرے کافرے عشق اندر آورد بیگانہ را ۔

یہ ایک دور تھا جو گزر گیا ۔ باطل افکار و نظریات کا طلسم ٹوٹ چکا ہے ۔ اور دین اسلام کی حقانیت کا غلغلہ بلند ہو رہا ہے ۔ وہ دن دور نہیں جب مسلمان ولولۂ تازہ کے ساتھ اسلام کا پرچم اٹھائے بحر ظلمات میں گھوڑے دوڑا رہے ہوں گے ۔

جمہوریت ایک جدید سیاسی اصطلاح ہے جس کا مفہوم متعین نہیں ۔ جس نام نہاد جمہوریت کے بارے میں یہی متعین نہیں کیا جا سکتا کہ یہ کس بلا کا نام ہے اس کی تعریف کیا ہے ۔ اس کو اصل و بنیاد

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قرار دے کر اسلام کا اس کے ساتھ رشتہ جوڑنا یا اسلام میں اس کا ھیولی ڈھونڈنا عقل میں آنے والی بات نہیں۔

اسلام اسلام ہے۔ اسلام کا ، آسمانی ھدایت اور وحی الٰہی سے بے نیاز محض انسانی ذھن کی پیداوار کسی بھی نظریے یا نظام حیات کے حوالے سے ، خواہ وہ کتنا ھی روشن نظر آئے ، اس کی قلمرو کتنی ہی وسیع ہو ، اس کے حوالے سے اسلام کا مطالعہ ایک مسلمان کے لئے اندوھناک بھی ہے اور خطرناک بھی ۔ پہلے اسلام کو اسلام کے ذریعے پڑھنے اور سمجھنے پھر اس کو اساس اور معیار قرار دے کر آجکل کے نظریات اور نظام ھائے حیات کا تنقیدی مطالعہ کرکے ان کی کمزوریوں ، اسقام اور خامیوں کو واضح کیجئے تو انسانیت کی بڑی خدمت ہوگی ۔ اور اس طرح مسلمان ہونے کی حیثیت سے ممکن ہے کسی قدر اپنی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہو جائیں ۔ (مدیر)

جمہوریت ایک جدید سیاسی اصطلاح ہے جسے مختلف معنوں میں لیا جاتا ہے ۔ اس کی شہرت و مقبولیت کے پیش نظر اشتمالیت پسند اپنے طرز حکومت پر اس کی چھاپ لگا کر دعوی کرتے ھیں کہ اصل جمہوریت معاشی جمہوریت ہے یعنی ایسا نظام جس میں ذرائع پیداوار پر حکومت کا کنٹرول ھو اور ان کے قول کے مطابق دولت کی منصفانہ تقسیم ھو اور استحصال کا خاتمہ ھو ۔ اس نظام میں ایک پارٹی کی حکومت ہوتی ہے جو پرولتاری آمریت کہلاتی ہے ۔ اس کا بنیادی مقصد سرمایہ دارانہ نظام کا خاتمہ ہوتا ہے ۔ چاھے سرمایہ دار جائز طریقہ سے کیوں نہ کماتا اور خرچ کرتا ھو ۔ اس قسم کی معاشی جمہوریت میں مادیت کو کلیدی حیثیت حاصل ہوتی ہے اور پیٹ کی خاطر انسان انسان کا غلام رہتا ہے ۔ حکومت کی مشینری میں فرد کی حیثیت ایک بے جان پرزے کی ھو کر رہ جاتی ہے ۔ اسلام میں اس جمہوریت کے لئے کوئی گنجائش نہیں کیونکہ اسلام معاشرے کے ساتھ فرد کو بھی اھمیت دیتا ہے اور پھر یہ کہ وہ زندگی کو ایک اجتماعی سالمیت سمجھتا ہے اور معاشرہ کی تشکیل و تعمیر اس طرح کرتا ہے کہ تمام افراد یکساں ترقی کر سکیں اور اعلی اخلاقی زندگی گزار سکیں ۔

جمہوریت کو ایک معاشرتی نظام کے معنی میں بھی لیا جاتا ہے جس

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سے مراد ایک ایسے معاشرہ کا قیام ہے جس میں اونچ نیچ ، رنگ نسل ، ذات ، فرقہ ، مذہب وغیرہ کی کوئی تمیز نہ ہو ، مساوات اور عدل و انصاف کا دور دورہ ہو ، اور قانون کی حکمرانی ہو۔ جمہوریت کے اس تصور کو ایک ایسے معاشرے میں بروئے کار نہیں لایا جاسکتا جہاں صدیوں پہلے مذہب اور سیاست کو جدا کرکے اخلاقی اقدار کو پائمال کیا جا چکا ہو۔ اس قسم کی جمہوریت قانون کے ذریعے نہیں اخلاقی بنیادوں پر ھی قائم کی جا سکتی ہے۔ لہذا لادینی معاشرہ میں اس قسم کی جمہوریت کا قیام ایک خیال خام ہے۔

عام طور پر جمہوریت سے سیاسی جمہوریت مراد لی جاتی ہے جس کے معنی ھیں عام لوگوں کو حکومت کے معاملات میں بالواسطہ یا بلا واسطہ شرکت کے مواقع فراھم کرنا تاکہ وہ اپنی شخصیت کی تشکیل و تعمیر کر سکیں۔

یہاں اس بات کا ذکر ضروری ہے کہ کسی بھی نظام کی بنیاد اگر انسانی افکار پر رکھی جائے تو اس میں کمی اور خامی رہے گی ، تکمیل صرف باری تعالیٰ کی ذات کو حاصل ہے ، اس کی ھدایت اور رھنمائی کے بغیر کوئی بھی نظام مکمل نہیں ہو سکتا ۔ یہ صحیح ہے کہ فلسفہ انسانی زندگی کے مقاصد کے حصول کا راستہ بتاتا ہے لیکن منزل کی تعیین صرف اور صرف دین ھی کرتا ہے۔ مغرب نے دین کو سیاست سے الگ کرکے اپنے نظاموں کی تباھی کا خود سامان کر لیا ہے۔ ان کے ھاں ابھی تک جمہوریت ایک ایسی اصطلاح ہے جو شرمندہ معنی نہ ہوئی ۔

اگر جمہوریت سے مراد عام لوگوں کی صلاح و فلاح ہو تو اسلام سب سے بڑھ کر جمہوری نظام حیات ہے ۔ لیکن اگر اس اصطلاح کو محدود و مخصوص کر دیا جائے تو اسلام میں اس کے لئے گنجائش اس لئے نہیں ہو سکتی کہ اسلام ایک اجتماعی سالمیت کا نام ہے۔ ذیل کے صفحات میں اسلام کے ان رھنما اصولوں کا مختصر خاکہ پیش کیا جاتا ہے جو وہ زندگی کے مختلف شعبوں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کی ترقی کے لئے دیتا ہے۔ اس سے اسلامی نظام حیات کو سمجھنے اور اسلام اور مغربی جمہوریت کے درمیان فرق کو واضح کرنے میں مدد ملے گی ۔

اسلام دوسرے مذاہب کی طرح ایک مذہب نہیں بلکہ دین اور ضابطہ حیات ہے۔ قرآن پاک کا ارشاد ہے"الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دیناً" یعنی آج ہم نے تمہارے لئے تمہارا دین کامل کردیا اور اپنی نعمتیں تم پر تمام کر دیں اور تمہارے لئے اسلام کو بطور دین پسند کیا(۱) قرآن پاک عمومی یا خصوصی اصول دیگر زندگی کے ہر شعبے میں بنی نوع انسان کی رہنمائی کرتا ہے۔ یہی اس کا اکمال اور اتمام ہے۔

اسلام کا مقصد ایک ایسے معاشرے کا قیام ہے جس میں انسانی تعلقات، مساوات ، عدل ، رواداری، مواخاۃ ، باہمی تعاون اور ھمدردی کی اعلیٰ اخلاقی اقدار پر قائم ہوں۔ اسلام نسلی ، علاقائی اور سماجی امتیاز کی حوصلہ شکنی کرتا ہے اور اعلان کرتا ہے کہ برتری صرف حسن اخلاق اور تقویٰ کو حاصل ہے(۲) انما المومنون اخوۃ (۳) ۔ کہہ کر قرآن پاک نے قبائلی و نسلی عصبیت اور طبقہ واریت کے بتوں کو پاش پاش کر دیا ۔

افراط و تفریط سے پاک ایک متوازن اور عادلانہ نظام کے قیام کی خاطر قرآن پاک زندگی کے ہر شعبے میں عدل و انصاف کی تاکید کرتا ہے(۴) ۔ اور تلقین کرتا ہے کہ خونی ، ازدواجی اور سیاسی رشتے یا ذاتی بغض و عناد کو انصاف کے راستے میں حائل نہ ہونے دیا جائے (۵) ۔ ایک جمہوری معاشرے کے قیام کے لئے سماجی انصاف لازمی ہے اور قرآن پاک سماجی مساوات کی تعلیمات سے بھرا پڑا ہے۔ نزول قرآن کے وقت عرب معاشرے میں غلامی کا رواج تھا لیکن ایسا معاشرہ جس میں سماجی سطح پر آقا اور غلام کی تفریق کا تصور موجود ہو ، کبھی جمہوری نہیں بن سکتا ۔ قرآن پاک نے غلاموں کی سماجی حیثیت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کو بلند کرنے کی خاطر ان کے ساتھ اچھا سلوک کرنے اور ان کی مالی اعانت کرنے کی ہدایت کی (٦) ۔ ان کی آزادی کے لئے زکوۃ کا ایک حصہ مختص کر دیا(٨)

ہجرت سے قبل (٩) اور بعد میں (١٠) مواخاۃ قائم کرکے رسول کریم ﷺ نے بھائی چارے کا ایسا نمونہ پیش کیا جس کی نظیر اقوام عالم کی تاریخ پیش کرنے سے قاصر ہے۔ حجۃ الوداع کے موقع پر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے مرد و زن کی حیثیت اور ان کے باہمی حقوق و فرائض کے تعین ، انسانی برادری کے درمیان مساوات کے قیام ، انسانی عزت و عظمت کے استحکام ، جان و مال کی حفاظت اور سودی کاروبار کی ممانعت کا جو اعلان فرمایا اور جو دراصل آپ کی دس سالہ مدنی زندگی کا نچوڑ تھا (١١) ۔ عمرانیات کی تاریخ میں ایک نئے عہد کا آغاز تھا ۔

اسلام اگر ایک طرف ایسے معاشرے کے قیام کے لئے جس میں مساوات اور عدل کا دور دورہ ہو اخلاقی اصول اور ضابطے پیش کرتا ہے تو دوسری طرف وہ ان حالات کے خاتمہ کے لئے جو سماجی ناانصافی کا باعث بنتے ھیں متبادل نظام بھی پیش کرتا ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لئے اسلام ایک متوازن معاشی نظام پیش کرکے ہر قسم کے استحصال ، احتکار ، اکتناز ، اور ارتکاز کا خاتمہ چاھتا ہے ۔ اس نظام میں نہ تو مادیت کو روحانیت کی قربان گاہ پر بھینٹ چڑھایا جاتا ہے اور نہ ھی روحانیت پر مادیت کو فوقیت دی جاتی ہے۔ قرآن پاک فرماتا ہے ۔ والذین یکنزون الذھب والفضۃ ولا ینفقونھا فی سبیل اللہ فبشرھم بعذاب الیم ۔ یعنی جو لوگ سونے چاندی کا خزانہ جمع کرتے ھیں اور اللہ کی راہ میں (ضرورت مندوں پر) خرچ نہیں کرتے انہیں دردناک عذاب کی خبر سنادو۔(١٢) الذی جمع مالا و عددہ یحسب ان مالہ اخلدہ کلا لینبذن فی الحطمۃ ۔ یعنی جو مال جمع کرتا ہے اور گن گن کر رکھتا ہے کہ وہ اس کے کام آئے گا ، ھرگز نہیں وہ ضرور دوزخ میں ڈالا جائے گا ۔ (١٣) صحیح مسلم کی مرفوع حدیث ہے من

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



احتکر فھو خاطی ۔ یعنی جو انسانی خوراک کی اشیاء کو گرانی کی نیت سے ذخیرہ کرے وہ مجرم ہے۔ اسی طرح قرآن پاک کی مندرجہ ذیل آیت ذرائع معاش پر اجارہ داری کو رد کرتی ہے۔ خلق لکم ما فی الارض جمیعاً ۔ و جعلنا لکم فیھا معایش۔ گویا قرآن کے نزدیک زمین کے ذرائع معاش سے استفادہ کرنا تمام انسانوں کا مشترکہ حق ہے۔(۱۴)

دیکھنے کی بات یہ ہے کہ دنیا میں معاشی جمہوریت کے نام پر جو نظام قائم ہے اس میں انسان کی اپنی کیا حیثیت رہ جاتی ہے۔ اس میں انسان اپنے ھی جیسے دیگر انسانوں کی غلامی کرتا ہے ۔ وہ اس کی تمام قوتوں کو خود مختارانہ اپنی منشاءکیمطابق استعمال کرتے ھیں جس سے وہ انسان انسان نہیں بلکہ حکومت کی مشینری کا ایک پرزہ بن کر رہ جاتا ہے ۔ اسلام جو معاشی نظام پیش کرتا ہے اس میں انسان کی اپنی قدر و منزلت برقرار رھتی ہے اور اس کی انفرادیت ریاست میں گم نہیں ھونے پاتی ۔ ارشاد ربانی ہے و ان لیس للانسان الا ما سعی یعنی یہ کہ انسان اپنی کوشش اور جد و جہد سے آزادانہ استفادہ کرنے کا حقدار ہے۔(۱۵) و ھل تجزون الا ما کنتم تعملون ۔ یعنی انسان کو اپنے ھی عمل کا بدلہ ملے گا ۔ (۱۶)

دولت کا ارتکاز روکنے ، اسے استحصال کا ذریعہ نہ بنانے اور تمام لوگوں کو اس سے متمتع ھونے کے لئے قرآن پاک اسے گردش میں رکھنے کا حکم دیتا ہے (۱۷) ۔ زکوۃ کی فرضیت کا مقصد ھی معاشرے کے غریب و لاچار افراد کی مدد ، ارتکاز دولت کی حوصلہ شکنی ، طبقاتی کشمکش کا خاتمہ اور باھمی انس و محبت کا فروغ ہے۔ (۱۸) قرآن پاک کے نزدیک قابل ستائش وہ لوگ ھیں جو زکوۃ اور قانونی واجبات کے علاوہ بھی اپنے اموال میں سے سائل اور بے سہارا لوگوں کی مالی اعانت کرنا فرض سمجھتے ھیں ۔ و فی اموالھم حق معلوم

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



للسائل والمحروم ۔ (۱۹) ۔ قرآن پاک نے صدقات نافلہ کی بھی ترغیب دی بلکہ اس حد تک ھدایت کر دی کہ جو کچھ ضرورت سے زائد ھو اس کو محتاجوں میں تقسیم کر دو ۔ و یسئلونک ماذا ینفقون قل العفو (۲۰) ۔ یہاں اس بات کی وضاحت ضروری ہے کہ زکوۃ و صدقات کے علاوہ ضرورتمندوں کی حاجتیں پوری کرنے کے لئے اسلامی ریاست اضافی ٹیکس بھی عائد کر سکتی ہے (۲۱) ۔ الغرض دولت کی منصفانہ تقسیم کی خاطر جو اقدامات بھی ضروری ھیں اسلام نے ان سے پہلو تہی نہیں کی ۔ جس طرح غربت جمہوریت کی دشمن ہے اسی طرح دولت کی فراوانی اور اس کے نتیجے میں عیاشی بھی جمہوریت کے لئے سم قاتل ہے ۔ چنانچہ قرآن حکیم اگر ایک طرف دولت کو گردش میں رکھنے کے انتظامات کرتا ہے تو دوسری طرف تبذیر (ناجائز کاموں پر خرچ) اور اسراف (بے ضرورت خرچ) کی بھی ممانعت کرتا ہے ۔ ولاتبذرتبذیراً (۲۲) اور ولا تجعل یدک مغلولۃ الی عنقک ولا تبسطھا کل البسط فتقعد ملوماً محسوراً (۲۳) ۔

سطور بالا میں اسلام کے معاشی نظام کا جو خاکہ پیش کیا گیا ، وہ ہر قسم کی خامیوں سے مبرا ہے ۔ اس میں افراط ہے نہ تفریط ۔ اس میں ایک طرف مادی ترقی اور خوشحالی کے لئے جگہ ہے تو دوسری طرف روحانیت کا بھی لحاظ رکھا گیا ہے ۔ اسلام انسان کو پیٹ کا پجاری اور سیاسی غلام نہیں بناتا بلکہ افراد کو باعزت اخلاقی زندگی بسر کرنے کے مواقع فراہم کرتا ہے ۔

اسلام ، نظام حیات کی تعمیر اخلاقی بنیادوں پر کرنا چاھتا ہے ۔ اس مقصد کے لئے وہ جہاں معاشرتی عدل و انصاف کے بنیادی اصول بتاتا ہے اور ایک متوازن معیشت قائم کرتا ہے وھاں انسان کی سیاسی زندگی کو صحیح خطوط پر استوار کرنے کے لئے کچھ سیاسی اصول بھی دیتا ہے ۔ ملکی معاملات میں عام لوگوں کی بالواسطہ یا بلا واسطہ شرکت جدید جمہوریت کا طرۂ امتیاز ہے ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اسلام اسکوردنہیں کرتا لیکن اسلام نے اس شرکت کو بھی اخلاقی اصولوں کے تابع رکھا ہے جو اس کے بنیادی تصورات سے مستفاد ہیں ۔ اور آج مغرب میں بھی جہاں بے دین سیاست اور بے لگام جمہوریت کا عمل دخل ہے شدت سے اس کی ضرورت محسوس کی جا رہی ہے ۔

قرآنی تعلیمات ، سنت رسول اور صدر اسلام کی تاریخ اس بات کی شاہد ہے کہ اسلام باہمی تعاون ، مشاورت اور تعمیری تنقید کو اجتماعی معاملات میں بڑی اہمیت دیتا ہے ۔ قرآن پاک مشاورت کو مسلمانوں کی زندگی کا اہم جزو قرار دیتا ہے (۲۴) ۔ اور وحی الٰہی کے باوجود رسول مقبول سے کہتا ہے کہ آپ مسلمانوں سے ملکی معاملات میں مشورہ لیا کریں (۲۵) ۔ آپ نے ملکی معاملات میں نہ صرف مسلمانوں سے مشورہ لیا بلکہ ان کے مشوروں کو قبول بھی کیا (۲۶) ۔

جہاں تک ملکی اور قومی معاملات میں لوگوں کی شمولیت کا تعلق ہے ، اسلام نے عمومی اصول دیکر تفصیلات مسلمانوں کی صوابدید پر چھوڑ دیں تاکہ وہ حالات کے مطابق خود طے کر سکیں ۔ جہاں تک ملک کا نظم و نسق چلانے کے لئے اہلکاروں کے انتخاب کا تعلق ہے ۔ اسلام یہ معاملہ بھی مسلمانوں کی صوابدید پر چھوڑتا ہے تاکہ انہیں بدلتے یا بدلے ہوئے حالات میں کسی دقت کا سامنا نہ کرنا پڑے ۔ البتہ قرآن پاک رہنمائی کے لئے ایک جامع اصول دیتا ہے ۔

ان اللہ یأمرکم ان تؤدوا الامانات الی اھلھا (۲۸) ۔

حدیث میں اس آیت کی تفسیر و تشریح اس طرح ہے آپ نے فرمایا کہ یہاں لفظ امانت سے مراد حکومت یا ریاستی معاملات ہیں ۔ آپ نے فرمایا جب امانت ضائع کی جائے تو قیامت کا انتظار کرو ۔ عرض کیا گیا کہ امانت کیسے ضائع ہوگی ؟

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



آپ نے فرمایا جب حکومت کے معاملات ایسے لوگوں کے سپرد ہوں گے جو ان کے اہل نہ ہوں (٢٩) ۔ اس سے یہ بات بھی واضح ہو جاتی ہے کہ اسلام میں ملکیت کی طرح اقتدار بھی ایک امانت ہے جسے خدا کی خوشنودی اور اس کے بندوں کی خدمت کے لئے کام میں لایا جائے ۔

کچھ لوگ خصوصاً مغربی اداروں میں پڑھا لکھا طبقہ قرآن پاک کی آیتوں اور احادیث کو سیاق و سباق سے الگ کرکے یہ دعوی کرتا ہے کہ اسلام میں سخصی حکومت ہے ۔ یا وہ مسلمانوں کی تاریخ کے ایک دور کے حوالے سے اس پر ملوکیت کا ٹھپا لگانے کی ناکام کوشش کرتے ھیں ۔ اس میں شک نہیں کہ قرآن پاک اللہ تعالی اور اس کے رسول کی اطاعت کے ساتھ اولوالامر کی اطاعت کا بھی حکم دیتا ہے (٣٠) ۔لیکن اسکے ساتھ ھی یہ بھی کہتا ھیکہ اگر تمہارا ان سے اختلاف ھو تو اسے قرآن اور سنت کی روشنی میں حل کیا کرو ۔ دوسرے یہ کہ اولوالامر کی مختلف مفسرین نے مختلف تاویلیں کی ھیں اور ان میں سلاطین و امراء کو بھی سامل کر لیا ہے (٣١) ۔ امام زمخشری کے قول کے مطابق آیت محولہ بالا میں حکمرانوں کی مطلق اطاعت کے لئے نہیں کہا گیا ہے کیونکہ حکمرانوں کے لئے حکم ہے کہ وہ اپنے فرائض دیانتداری کے ساتھ سر انجام دیں اور عـــدل وانصاف کا دامن کبھی نہ چھوڑیں ۔ اگر وہ اپنے فرائض منصبی کی ادائیگی میں عدل و انصاف سے کام نہیں لیں گے تو وہ اس منصب کے اہل نہیں رھیں گے جس کے طفیل وہ اولوالامر کے زمرے میں شمار ھوتے ھیں ۔ حکمرانوں کی اطاعت نہ کرنے کی دوسری وجہ امام زمخشری یہ بتاتے ھیں کہ وہ اختلاف کی صورت میں فیصلہ اللہ اور اس کے رسول کے احکامات کی روشنی میں نہیں کرتے (٣٢)

[illegible] تو ظاهر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہے کہ وہ قرآنی آیات کی تشریح ھی کرتی ھیں چنانچہ احادیث میں بھی مسلمانوں کو حکم ہے کہ وہ امیر کی اطاعت کریں۔(۳۳) لیکن یہ اطاعت غیر مشروط نہیں ۔ اطاعت امیر صرف معروف میں لازم ہے ، معصیت میں نہیں۔(۳۴) اگر حاکم وقت کے احکامات اللہ کی نافرمانی کا سبب بنیں تو اس صورت میں اطاعت امیر واجب نہیں۔(۳۵)

ھمارا سب سے بڑا المیہ یہ ہے کہ ھم مختلف اقوال و بیانات کو ان کے تاریخی پس منظر میں نہیں دیکھتے ۔ خلافت راشدہ کے آخری دور میں جب خانہ جنگیوں کا آغاز ھوا تو زعماء کو ملت کے اتحاد و استحکام کی فکر دامن گیر ھوئی ۔ اس مقصد کے لئے انہوں نے ھر قسم کے خروج کی ممانعت کی۔(۳۶) اور اطاعت امیر پر زور دیا ۔ امام غزالی فرماتے ھیں کہ امیر کی امارت کو چیلنج کرنے اور اطاعت نہ کرنے کی وجہ سے جو قانونی خلا پیدا ھوگا اس سے بہتر یہی ہے کہ اس کی امارت تسلیم کر لی جائے اور اطاعت کی جائے تاکہ فتنہ و فساد برپا نہ ھو۔(۳۷) اسی قسم کے خیالات کا اظہار ابن جماعہ نے بھی کیا ہے (۳۸) ۔ اسی سلسلے میں بحث کرتے ھوئے امام یحی بن شرف النووی فرماتے ھیں کہ اطاعت امیر کے غیرمشروط احکامات دراصل امت کی وحدت کو برقرار رکھنے کیلئے ھیں ۔ کیونکہ اختلاف کی صورت میں انکے مذھب اور سیاست دونوں کو نقصان پہنچنے کا احتمال ہے ۔ (۳۹)

حکمرانوں کے انتخاب اور ان کی مشروط اطاعت کی بہت ساری مثالیں صدر اول کی تاریخ سے دی جا سکتی ھیں ۔ اختصار کے لئے ھم یہاں صرف دو حوالوں پر اکتفا کریں گے جو کتب تاریخ میں تقریباً ایک جیسے مذکور ھیں ۔ رسول کریم کی رحلت کے بعد جب حضرت ابوبکر صدیق مسلمانوں کے حکمران منتخب ھوئے تو آپ نے نہایت وضاحت سے فرمایا کہ اے لوگو! تم ھی نے مجھے اپنا حکمران چنا ہے اگر میں درست کام کروں تو میری اعانت کرنا اور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اگر غلط کام کروں تو مجھے سیدھا کرنا ۔ جب تک میں خدا اور اس کے رسول کی اطاعت کروں تم میری اطاعت کرو اور اگر میں ان کی نافرمانی کروں تو تم پر میری اطاعت لازم نہیں۔(۴۰) عامة الناس کے سامنے اپنے کاموں کے لئے حکمرانوں کی جوابدھی ، ذمہ داری اور شریعت کی پاسداری کا اندازہ حضرت معاذ بن جبل کی اس تقریر سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے جو انہوں نے ملک شام کے حکمران کے دربار میں کی تھی ۔ انہوں نے فرمایا کہ ھمارا حکمران ھم ھی میں سے ہے اگر وہ ھمارے درمیان قرآن و سنت پر عمل پیرا ہو تو ھم اس کی اطاعت کرتے رھیں گے لیکن اگر وہ ان (قرآن و سنت) سے روگردانی کرتا ہے تو ھم اسے معزول کر دیں گے۔(۴۱)

مندرجہ بالا بحث سے ھم اس نتیجے پر پہنچتے ھیں کہ اسلام چونکہ ایک متحرک قوت اور ایک مکمل دین ہے اس لئے یہ ایسے اصول نہیں دیتا جو ایک زمانے کے لوگوں کے لئے تو موزوں و مناسب ھوں لیکن دوسرے زمانے کے لئے قطعاً ناقابل عمل ھوں ۔ اس کے اصول ابدی ھیں جو ھر زمانے میں اپنائے جا سکتے ھیں ۔ سیاسی معاملات میں اس نے شوری کا ابدی اصول دیا ہے جسے مختلف زمانوں میں حالات کے مطابق اپنایا جا سکتا ہے۔ حکمرانوں کے انتخاب سے لیکر ان کی معزولی تک کے معاملات باھمی مشوروں سے طے ھوں گے ۔ ان اصولوں پر تاریخ کے ایک عہد میں عمل درآمد بھی ھو چکا ہے۔ حضرت ابوبکر کا انتخاب ، حضرت عمر کی نامزدگی اور حضرت عثمان اور حضرت علی کا چناؤ مسلمانوں کے باھمی مشوروں سے ھوا ۔ اور یہی جدید جمہوریت کا ماحصل ہے۔ اسلام اور مغربی جمہوریت میں ایک بنیادی فرق یہ ہے کہ اول الذکر میں حکمرانوں کا انتخاب اھلیت کی بنیاد پر کیا جاتا ہے جب کہ مؤخر الذکر میں یہ انتخاب پارٹی کی بنیاد پر عمل میں لایا جاتا ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حکمـــران کی معزولی کا سوال حضرت عثمان غنی کے عہد مبارک میں اٹھایا گیا ۔ اگرچہ اس عہد کے واقعات کو مختلف انداز میں پیش کیا گیا ہے لیکن ذرا بھی غور کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ حضرت عثمان نے جان کی قربانی دیکر اس اصول کو دوام بخشا کہ باہمی مشوروں سے منتخب ہونے کے بعد حکمران اس وقت تک قانونی طور پر حاکم رہتا ہے جب تک وہ اس کا اہل رہتا ہے۔(۳۲) ہاں اگر وہ حکمرانی کا اہل نہ رہے تو اہل الرائے یا اہل الشوریٰ اس سے استعفی طلب کر سکتے ہیں ۔ لیکن استعفی طلب کرنے کا حق نہ تو اقلیت کی نمائندگی کرنے والوں کو دیا جا سکتا ہے اور نہ ہی شورشیوں یا مفاد پرست عناصر کے کسی گروہ کو ۔ چنانچہ حضرت عثمان سے جب شورشیوں نے اپنے آپ کو معزول کرنے کو کہا تو آپ نے ان کا مطالبہ یہ کہتے ہوئے مسترد کر دیا کہ کیا میں نے اقتدار پر شمشیر کی نوک سے قبضہ کر رکھا ہے کہ تم میری معزولی تلوار کے زور سے چاہتے ہو۔(۳۳) ،، اس سے یہ نتیجہ بھی اخذ کیا جا سکتا ہے کہ نااہل لوگ اگر حکومت سے غیر قانونی طور پر استعفی کا مطالبہ نہیں کر سکتے تو اسلامی ریاست میں ایسے لوگ حکمرانوں کا انتخاب بھی نہیں کر سکتے ۔ تاریخ شاہد ہے کہ جب حضرت عثمان کی شہادت کے بعد شورشی حضرت علی کے پاس آئے اور آپ سے خلافت کا منصب سنبھالنے کو کہا تو آپ نے ان کی یہ پیشکش یہ کہہ کر مسترد کر دی کہ شہر میں اہل بدر اور اہل شوری موجود ہیں وہ جسے منتخب کریں گے وہی ملت اسلامیہ کا حکمران ہوگا (۳۴) ۔ چنانچہ دوسری مرتبہ جب انصار اور مہاجرین کے سرکردہ اشخاص جو کہ اہل الشوری اور اہل الرائے تھے ، آپ کے پاس آئے اور خلافت کی ذمہ داریاں سنبھالنے کی استدعا کی تو آپ نے خلافت کا منصب سنبھالا اور برسر عام آپ کی بیعت کی گئی (۳۵) ۔

رسول کریم کا اپنی جانشینی کے بارے میں خاموشی اختیار کرنا ،

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



خلفائے راشدین کے انتخاب کے مختلف طریقے ، اور اس سلسلے میں صحابہ کرام کے بیانات سے یہ نتیجہ اخذ کرنا مشکل نہیں کہ اسلام امور مملکت میں عام لوگوں کی شرکت کی نہ صرف حوصلہ افزائی کرتا ہے بلکہ اسے ایک مقدس فریضہ قرار دیتا ہے ۔ مگر اس کی نوعیت سب سے الگ ہے ۔ گزشتہ صفحات میں اسلامی نظام حیات کا جو اجمالی خاکہ پیش کیا گیا اس کی روشنی میں ہم کہہ سکتے ہیں کہ اسلام آج کل کی اصطلاح میں جمہوریت یا کسی ازم کا نام نہیں ۔ نہ وہ کسی کے مماثل ہے ۔ وہ ایک ایسا نظام حیات ہے جو زندگی کو اخلاقی اصولوں کا پابند بنا کر انسانی مسائل کو حل کرتا ہے ۔ مغربی جمہوریت ہو یا کوئی اور نقص اور ناتمامی کے باعث اسلام کے ساتھ ان کا کوئی میل نہیں ۔ جب کہ اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے اور مزاج اور ترکیب میں ایک خاص نظام زندگی ہے ۔

*******

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# حواشی اور حوالہ جات

۱ ـ قرآن مجید ـ سورۃ المائدہ ، آیت ۳

۲ ـ قرآن مجید ـ سورۃ الحجرات ـ آیت ۱۳

۳ ـ ایضاً آیت ۱۰

۴ ـ سورۃ النساء ـ ۵۸ ، المائدہ ، ۳۳ ، ۳۵ ، ۴۷ ، النحل ، ۹۰ الاعراف ، ۲۸

۵ ـ سورۃ النساء ، ۱۳۵ ، سورۃ المائدہ ، ۸

۶ ـ سورۃ النحل ، ۷۱

۷ ـ سورۃ البلد ، ۱۳ ، الدہر ، ۸ ، البقرہ ، ۱۷۷

۸ ـ سورۃ التوبہ ، ۶۰

۹ ـ ابن حبیب ، کتاب المحبر ، حیدرآباد دکن ، ۱۹۳۲ ، ص ۷۱ ـ ۷۰

۱۰ ـ ابن سعد ، کتاب الطبقات الکبری ، بیروت ، ۱۹۵۷ ، جلد اول ، ص ۳۹ ـ ۲۳۸

۱۱ ـ ابن ہشام ، سیرۃ النبی ، قاہرہ ، ۱۹۳۸ ، جلد چہارم ص ۲۷۵

۱۲ ـ قرآن کریم ، سورۃ التوبہ ، آیت ۳۴

۱۳ ـ ایضاً سورۃ الہمزہ ، آیت ۱ تا ۳

۱۴ ـ البقرہ ، ۲۹ ، الحجر ، ۲۰

۱۵ ـ النجم ، ۳۹ ـ ۳۰

۱۶ ـ سورۃ النمل آیت ۹۰

۱۷ ـ الحشر ، ۷

۱۸ ـ التوبہ ، ۶۰

۱۹ ـ الذاریات ، ۱۹

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۲۰ ـ البقرہ ، ۲۱۹

۲۱ ـ مشکوٰۃ المصابیح جلد دوم ص ۶۲۳ ـ ابن حزم ، المحلی (قاہرہ ۱۳۳۹ھ ) جلد ۶ ، ص ۱۵۶

۲۲ ـ سورہ بنی اسرائیل ، آیت ۲۶

۲۳ ـ ایضاً آیت ۲۹

۲۴ ـ شوری ، ۳۸

۲۵ ـ آل عمرن ، ۱۵۹

۲۶ ـ مثال کے طور پر جنگ بدر کا نقشہ حباب بن منذر کے مشورہ پر بدل دیا گیا ـ (دیکھئے تفصیلات کے لئے سیرت ابن ہشام جلد دوم ص ۲۷۲) جنگ بدر کے اسیروں کی قسمت کا فیصلہ بھی باہمی مشوروں سے طے ہوا جس کی توثیق قرآن پاک نے بھی کی۔(طبری تاریخ ص ۵۷ ـ ۱۳۵۵) جنگ خندق کا نقشہ ایک آزاد کردہ غلام حضرت سلیمان الفارسی کی تجویز کے مطابق تیار کیا گیا۔ (سیرۃ ابن ہشام جلد سوم ص ۲۳۵)

۲۷ ـ الطبری ، جامع البیان لاحکام القرآن جلد دوم ص ۳۶ ـ ۲۳۵

۲۸ ـ قرآن پاک ، سورۃ النساء ، آیت ۵۸ ـ مزید تفصیل کے لئے دیکھئے مفتی محمد شفیع ، معارف القرآن جلد دوم کراچی ۱۹۷۶ء، ص ۵۳ ـ ۳۳۲

۲۹ ـ بخاری شریف ، کتاب الرقاق ، کتاب العلم

۳۰ ـ سورۃ النساء آیت ۵۹

۳۱ ـ الطبری ، جامع البیان جلد ہشتم ص ۵۰۲ ـ ۴۹۷

۳۲ ـ زمخشری ، الکشاف ، قاہرہ ، ۱۳۵۴ ھ جلد اول ص ۲۹۰

۳۳ ـ بخاری شریف (نور محمد اصح المطابع) جلد دوم ص ۱۰۵۷

۳۴ ـ ایضاً ص ۵۸ ـ ۱۰۵۷

۳۵ ـ امام احمد بن حنبل ، سنن ، قاہرہ ، جلد پنجم ص ۶۶

لا طاعة لمخلوق فی معصیة الله

۳۶ ـ امام ابویوسف ، کتاب الخراج ، قاہرہ ، ۱۳۸۲ ھ ص ۹ ـ بخاری جلد دوم ص ۱۰۴۷

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۲۷ ـ امام غزالی اپنی کتاب "الاقتصاد فی الاعتقاد" مطبوعہ قاہرہ میں ص ۱۰۷ پر لکھتے ہیں :ـ

أحسن ان یقول القضاة معزولون و الولایات باطلة والانکحة غیر منعقده و جمع تصرفاة اولاة فی اعطار العالم غیر نافذة و انما الخلق کلھم مقدمون علی الحرام او ان یقول الامامه منعقدة

۲۸ ـ رور نتھال ، پولیٹکیل تھاٹ ان میڈیوُل سلام ، لندن ۱۹۶۲ ، ص ۴۳ ـ البرٹ حورانی ، اریبک تھاٹ ان دی لبرل ایج ، لندن ، ۱۹۷۰ ، ص ۱۵ ـ ۱۳

۲۹ ـ یحیی بن شرف النووی ، شرح لمسلم الصحیح ، جلد دوم ، کراچی ، ۱۳۳۹ ،ھـ ، ص ۱۲۳

۳۰ ـ الطبری ، تاریخ ، ص ۱۸۲۹

۳۱ ـ الازدی ، فتوح الشام ، (اردو ترجمہ ملیح آبادی) کلکتہ ، ۱۹۳۳ ، ص ۱۸۵ ـ ابوالکلام آزاد ، اسلامی جمہوریہ ، لاہور ، ۱۹۵۶ ، ص ۳۲

۳۲ ـ الماوردی ، الاحکام السلطانیہ ص ۱۷

۳۳ ـ ابن سعد ، الطبقات الکبری ، بیروت ، ۱۹۵۷ ، ص ۶۸ جلد دوم

۳۴ ـ ابن قتیبہ ، الامامة و السیاسة ، مصر ، ۱۹۶۹ ، ص ۳۶

۳۵ ـ ابن الاثیر ، تاریخ ، جلد دوم ص ۱۵۳ ـ طبری تاریخ ص ۳۰۶۶ ـ

*****

© rasailojaraid.com